بھی گیا ہے کہ لاہور کے نزول مکانات (جنمین غالباً بعض اوقاف بھی شامل ہونگی) کے نیلام کرنیکی تجویز ہے یہ خبر صحیح ہے تو اسمین بھی اس پولیٹیکل مسئلہ کے صریح خلاف تازہ اقدام پایا جاتا ہے گورنمنٹ کو مناسب ہے کہ اس تجویز کو فسخ کرے اور تالیف قلوب رعایا کے مقابلہ مین اس مالی منفعت قلیل کو جو ان مکانات کے فروخت سے متوقع ہے کچھہ وقعت نہ دے خصوصاً اسوقت اور ایسے موقع پر کہ اسمین تالیف قلوب کے برابر گورنمنٹ کا کوئی فرض نہین ہے بالفعل ہم اس مطلب کو بطور نوٹ مختصر الفاظ مین ادا کیا ہے گورنمنٹ نے اسکی طرف کچھہ توجہ فرمائی تو آئندہ ہم اسکو مفصل بیان کرینگے ان مختصر الفاظ کی تائید مضمون آئندہ مین بھی پائی جاتی ہے*

## تحریر مسٹر بلنٹ مؤید تجویز اشاعۃ السنہ نمبر ۱ جلد ۶ کا خلاصہ اور اسپر آخری رائے قائم نکرنیکی وجہ

ناظرین اشاعۃ السنہ نمبر ۹ جلد ۵ اب اسکی منتظر ہونگے کہ ہم نتائج و مقاصد تحریر مسٹر بلنٹ کی نسبت آخری رائے کیا قائم کرتے ہین اور بناءً علیہ مکہ معظمہ مین حفظ امن اہل حدیث کے لئے تجویز معروضہ نمبر ۱ جلد ۶ کے علاوہ کیا تجویز نکالتے ہین ولیکن موجودہ پولیٹیکل حالات اور ملکی انقلابات ہمکو کوئی رائے قائم کرنے اور کوئی تجویز بتانے کی اجازت نہین دیتے لہذا بالفعل ہم اس مشکل کو داخل دفتر کرتے ہین اور بجائے اس رائے و تجویز کے متفرق عبارات کتاب مسٹر بلنٹ کا خلاصہ مطالب اس مقام مین بیان کر دیتے ہین پولیٹیکل حالات نے پلٹا کہایا اور اس رائے و تجویز کے اظہار کا موقع ملا تو ہم ان ہی مطالب پر اس رائے کی بنا قائم کر دینگے اور انہی لائینون پر اس تجویز امن کا نقشہ کھینچ دینگے انشاء اللہ تعالی —

وہ مطالب یہ ہین جو عبارات منقولہ نمبر ۳ و ۸ و ۹ مین پائے جاتے ہین (۱) مسلمانون کا خیال کہ گورنمنٹ انگلشیہ کے مخالف نہین بلکہ موافق ہے اور وہ گورنمنٹ کے سچے وفادار رعایا ہین (۲) گورنمنٹ انکے مذہبی امور مین خاص حمایت و حفاظت کریگی تو وہ اور بھی وفادار ہو جائینگے (۳) انگلستان کو مسلمان رعایا کی حفاظت مذہبی کے لئے مقتضا قاعدہ مساوات سے کچھہ بڑھکر ہونا چاہیے (۴) آئندہ مسلمانون کی حمایت مین بے پرواہی کرنا انکو مخالف بنا لینا ہے (۵) حج کا انتظام امن گورنمنٹ کا فوری فرض ہے اسمین کوتاہی کرنیکے تو انکی حفاظت کا دعوی ایک فضول امر ہے (۶) سرحد مکہ اور مدینہ مین حاجیونکو سخت تکلیفات پیش آتی ہین جنکے دفع و تدارک مین گورنمنٹ نے بے پرواہی اختیار کر رکھی ہے — آئندہ بھی کی

© rasailojaraid.com